خاندان

نیویارک شہر پبلک اسکول کے طلبا کے عزیزی والدین / سرپرست،

ہم آپ کو آگاہ کرنے کے لیے تحریر کر رہے ہیں کہ اگر آپ ایک ایسے بچے کے والدین یا سرپرست ہیں جو 2021-2022 کے تعلیمی سال، 2022 کی گرمیوں یا 2023 کی گرمیوں کے دوران نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں مندرج تھا، آپ ایک فوڈ بینیفِٹ کارڈ کی اہلیت کے حامل ہیں جسے غالباً آپ نے اب تک استعمال نہیں کیا ہے۔

والدین یا سرپرست جن کے بچے 2021-2022 کے تعلیمی سال، 2022 کی گرمیوں یا 2023 کی گرمیوں کے دوران نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں مندرج تھے، انہیں ایک P-EBT فوڈ بینیفِٹ کارڈ موصول ہونا چاہیے تھا۔ والدین / سرپرستوں کو یہ کارڈز 2023 کے مئی اور دسمبر کے دوران یکے بعد دیگر کی بنیاد پر جاری کیے گئے تھے۔

عالمی وبا الیکٹرانک مفادات منتقلی پروگرام (Pandemic Electronic Benefit Transfer program) ((P-EBT)) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان بچوں کو فوڈ بینیفِٹس (غذائی مفادات) فراہم کرنے کے لیے ہے جنہوں نے عالمی وبا سے متعلقہ اسکول بند ہونے کی وجہ سے اسکول کے کھانے (اسکول میلز) موصول کرنے کے مواقع کھو دیے ہیں۔ یہ مفادات، الیکٹرانکس مفادات منتقلی (EBT کارڈز) کی شکل میں فنڈز ہوتے ہیں جنہیں اسی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے جیسے SNAP (فوڈ اسٹیمپ) کارڈ کیے جاتے ہیں۔ گوکہ یہ NYCPS کا پروگرام نہیں ہے، ہم چاہتے ہیں کہ آپ کو معلوم رہے کہ اس وقت کے دوران NYCPS اسکولوں میں تمام مندرج طلبا اس کے اہل ہیں۔

کئی والدین / سرپرستوں نے اس وقت تک ان مفادات کو استعمال نہیں کیا ہے جس میں فی الحال کئی ملین ڈالرز کی رقم بغیر خرچ کیے باقی رہ گئی ہے۔ ان ڈالرز کو اب بھی کھانے پر خرچ کیا جا سکتا ہے، اور ان میں سے اول مفادات کی میعاد بہت جلد ختم ہونے والی ہے۔ والدین / سرپرستوں کو چاہیے کہ بینیفٹ ہیلپ لائن (اس خط کے پشت پر درج ہے) کو کال کریں تاکہ ان کی باقی ماندہ رقم کا تعین کیا جا سکے۔

بینیفٹس خودکار نظام کے تحت اہلیت کے حامل تمام طلبا کو جاری کر دیے گئے تھے۔ وہ طلبا جن کے اہل خانہ SNAP، عارضی معاونت، یا میڈیکیڈ مفادات موصول کرتے ہیں، P-EBT بینیفٹس ان گھرانوں کے اکاونٹس میں ڈال دیے گئے تھے۔ دیگر تمام طلبا کے لیے، ہر طالب علم کو نئے کارڈز جاری کر دیے گئے ہیں خصوصاً P-EBT بینیفٹس کے لیے اور براہ راست طلبا کے گھر کے پتوں پر ارسال کیے جا چکے ہیں۔ مفادات مئی 2023 اور دسمبر 2023 کے درمیان یکے بعد دیگر کی بنیاد پر جاری کیے گئے تھے۔

اگر آپ کو یہ کارڈ موصول ہو گیا ہے، لیکن نہیں معلوم کہ اسے کس طرح استعمال کرنا ہے، برائے مہربانی اس خط کی پشت پر مزید تفصیلات ملاحظہ کریں۔ اگر آپ نے کوئی کارڈ موصول نہیں کیا ہے لیکن ان اوقات میں ایک NYCPS طالب علم کے والدین تھے، یا آپ کا کارڈ کھو گیا ہے اور ایک نیا متبادل کارڈ حاصل کرنے کی ضرورت ہے، برائے مہربانی اس کے لیے بھی پُشت پر دی گئی ہدایات پرعمل کریں۔

یہ NYCPS کا شروع کردہ (پروگرام) نہیں ہے، لہٰذا اگر آپ کے مزید کوئی سوالات ہیں، برائے مہربانی مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اس خط کے نیچے دیے گئے وسائل استعمال کریں۔

آپ کا شکریہ،

Emma Vadehra،
ڈپٹی چانسلر برائے نظم ونسق اور مالیات

Kenita Lloyd،
ڈپٹی چانسلر خاندانی اور اجتمائی شمولیت اور بیرونی امور

آپ کی اضافی معاونت کے لیے ذیل وسائل دستیاب ہیں:

P-EBT فوڈ بینیفِٹ ہیلپ لائن

اگر کسی اہل خانہ کے کوئی سوالات ہیں، وہ P-EBT فوڈ بینیفِٹ ہیلپ لائن کو **1-833-452-0096** پر کال کر سکتے ہیں۔

ایک متبادل کارڈ حاصل کرنے کے لیے

اہل خانہ ایک متبادل P-EBT فوڈ بینیفِٹ کارڈ حاصل کرنے کے لیے **1-888-328-6399** پر کال کر سکتے ہیں۔

کیا P-EBT کارڈز کی میعاد ختم ہو جاتی ہے؟

P-EBT فوڈ بینیفِٹس آپ کے EBT یا P-EBT فوڈ بینیفٹ کارڈ پر ان کے جاری کیے جانے کی تاریخ سے لیکر 274 دن تک دستیاب اور قابل رسائی رہیں گے۔

آپ اس **connectebt.com** پر جا کر یا 1-888-328-6399 پر کال کر کے اپنے اہل خانہ کے P-EBT میں بقیہ رقم معلوم کر سکتے ہیں۔

اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے

برائے مہربانی **bit.ly/P-EBTfood** پر جائیں یا ذیل QR کوڈ استعمال کریں: